NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں دوروزہ انوویشن نمائش شروع

ذریعہ: روزنامہ دُنیا فیصل آباد، صفحہ-2

تاریخ: بدھ، 7مارچ، 2018

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں نوید فاضل، ڈاکٹر تنویر ودیگر ٹیکسٹائل انوویشن کا افتتاح کررہے ہیں

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں دوروزہ انوویشن نمائش شروع

نمائش میں متعارف کرائے گئے کپڑا سازی کے نئے رجحانات ایک اچھی کاوش قرار

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد میں دوروزہ ٹیکسٹائل انوویشن نمائش گزشتہ روز شروع ہوگئی، جس میں ملک بھر سے پچاس کے قریب سرکاری و پرائیویٹ یونیورسٹیاں اور ملک کی ایک سوبیس نامور ٹیکسٹائل ملز اور انڈسٹریز کپڑا سازی کی صنعت سے وابستہ نئے رجحانات اور ٹیکنالوجی کو متعارف کروا رہی ہیں۔ نمائش کا افتتاح مہمان خصوصی نوید فاضل نے کیا جبکہ اس موقع پر ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین، صدر فیصل آباد چیمبر شبیر چاولہ، ڈاکٹر قیصر، ڈاکٹر اینڈریو، پروفیسر مہمت کراہن، ایریل ڈینز، شائق جاوید ودیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے نمائش میں متعارف کرائے گئے نئے رجحانات کو ایک اچھی کاوش قرار دیا۔

انوویشن نمائش کے مثبت اثرات مرتب ہونگے، شبیر چاولہ

صنعتکاروں کو ٹیکسٹائل کے شعبہ میں ہونیوالی نئی ایجادات کو سمجھنے میں مدد ملے گی

فیصل آباد (وقائع نگار) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں ہونے والے ٹیکسٹائل انوویشن ایونٹ سے پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ یہ بات فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شبیر حسین چاولہ نے ایونٹ میں شرکت کرنے والے غیر ملکی، ملکی اور مقامی سائنسدانوں کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس ایونٹ سے صنعتکاروں کو ٹیکسٹائل کے شعبہ میں ہونے والی نئی ایجادات اور ٹیکنالوجی کو سمجھنے میں مدد ملے گی اور اس کے ذریعے وہ اپنی مصنوعات کے معیار کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ اس شعبہ میں ویلیو ایڈیشن کی نئی راہیں بھی کھول سکیں گے۔ اس موقع پر احمد حسن، ڈاکٹر تنویر حسین اور ضیا علمدار حسین نے بھی اظہار خیال کیا۔

انوویشن ایونٹ میں شرکت کرنے والے سائنسدانوں کے اعزاز میں منعقدہ تقریب کے بعد صدر چیمبر شبیر چاولہ، ڈاکٹر تنویر حسین، احمد حسن، چوہدری نواز، ضیاء علمدار حسین، محمد یعقوب ودیگر کا گروپ فوٹو

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**